# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

### شعبہ تعلقات عامہ

بتاریخ: ۸ جنوری ۲۰۱۸

آج ۸ جنوری ۲۰۱۸ کو الیکشن کمیشن میں جناب بابر یعقوب فتح محمد، سیکریٹری الیکشن کمیشن کی زیر صدارت حلقہ بندیوں اور انتخابی فہرستوں کی نظرثانی سے متعلق ایک اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں محکمہ شماریات کے ممبران صاحبان جناب حبیب اللہ خان اور جناب محمد سرور گوندل کے علاوہ الیکشن کمیشن اور محکمہ شماریات کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ سیکریٹری الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیوں اور انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کے حوالے سے اب تک کیے گئے اقدامات اور محکمہ شماریات کی طرف سے مطلوبہ نقشہ جات اور دیگر دستاویزات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کیا اور محکمہ شماریات کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ محکمہ شماریات کے افسران نے الیکشن کمیشن کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور یقین دہانی کروائی کہ نقشہ جات اور دیگر دستاویزات میں جو کمی بیشی پائی گئی ہے اس کی درستگی اور فراہمی کو ۱۰ جنوری سے پہلے مکمل کیا جائے گا۔

سیکریٹری الیکشن کمیشن نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ تمام مطلوبہ ڈیٹا اور نقشہ جات کی صوبائی حکومتوں اور محکمہ شماریات کی فراہمی کے بعد ۱۵ جنوری سے شیڈول کے مطابق حلقہ بندیوں اور انتخابی فہرستوں کی نظرثانی کا کام شروع کر دیا جائے گا۔